پریس ریلیز

گوجرانوالہ 04 ستمبر 2022ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب)،سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے گوجرانوالہ بزنس سنٹر میں زی ٹیک کالج کی طرف سے لگائی گئی نمائش کا تفصیلی معائنہ کیا جبکہ ان کے ہمراہ سابق صدور رانا شہزاد حفیظ،محمد شعیب بٹ بھی شامل تھے۔نمائش کا انعقاد فائن آرٹس کی طلباء نے کیا جبکہ نمائش میں ہینڈی کرافٹ،لیڈیز ملبوسات، کیلی گرافی،جیولری اور مختلف فن پارے رکھے گئے۔

انہوں نے طلباء کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح گوجرانوالہ کی مصنوعات کوالٹی کے اعتبار سے منفرد مقام رکھتی ہیں بالکل اسی طرح نمائش میں لگے سٹالز پر تمام مصنوعات انتہائی عمدہ اور دیدہ زیب ہیں۔ہماری بیٹیوں نے دوران تعلیم شاندار طریقے سے تمام مصنوعات کو آرگنائز کیا ہے جس کیلئے میری تمام بیٹیاں مبارکباد کی مستحق ہیں۔بیٹیوں کے ایسے کارہائے نمایاں دیکھ کر مجھے یقین ہے کہ ہماری یہ بیٹیاں ہمارا فخر ہی نہیں بلکہ ہمارے ملک کا بہترین روشن مستقبل بھی ہیں۔انہوں نے کہا کہ میری تمام بیٹیوں سے گزارش ہے کہ تعلیم مکمل کر کے انٹرپنیورشپ میں آئیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نمائش کے دورہ کے بعد انتظامیہ سے خطاب کے دوران کیا۔صدر گوجرانوالہ چیمبر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کہا کہ نمائش کے آرگنائزر پروفیسر اورنگزیب،ڈاکٹر جاوید بیورو چیف دنیا نیوز اور ان کی ٹیم بھی مبارکباد کی مستحق ہیں جن کی سربراہی میں طلباء نے یہ شاندار ایونٹ منعقد کیا۔انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کے اس دور میں اس طرح کی نمائشوں کا انعقاد بہت ضروری ہے تاکہ ہمارے طلباء وطالبات میں موجود پوٹنشل ضائع نہ ہو۔اس سے نہ صرف ہمارے بچے ارننگ کریں گے بلکہ ملکی معیشت میں بھی اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔بعد ازاں نمائش میں حصہ لینے والی تمام طلباء کو بہترین کارکردگی پر سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کئے گئے۔